پنجاب میں جنرل ہسپتال انفیکشن کنٹرول ایپلی کیشن متعارف کروانے والی پہلی علاج گاہ

صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے انفیکشن کنٹرول ایپلی کیشن کا افتتاح کیا

یہ ایپلی کیشن صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں لانچ کریں گے:ڈاکٹر یاسمین راشد

کورونا کے چاروں ادوار کے دوران ایل جی ایچ کے ڈاکٹرز و پیرامیڈکس نے مریضوں کی خدمت جاری رکھی: گفتگو

لاہور 22اکتوبر:...... پنجاب میں لاہور جنرل ہسپتال انفیکشن کنٹرول ایپلی کیشن متعارف کروانے والا پہلا سرکاری ہسپتال بن گیا، یہ ایپلی کیشن پنجاب کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں لانچ کریں گے۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر، ایم ایس ڈاکٹر ریاض حفیظ، پروفیسر ڈاکٹر محمد معین، پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل، پروفیسر طاہر صدیق، ڈاکٹر عرفان ملک، ڈاکٹر آمنہ ودیگر فیکلٹی ممبران موجود تھے۔ہسپتال انتظامیہ نے وزیر صحت کو انفیکشن کنٹرول ایپلی کیشن کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ڈاکٹر یاسمین راشد نے جنرل ہسپتال میں ڈینگی کیلئے مختص کیے گئے مردانہ اور زنانہ وارڈز کا بھی دورہ کیا اور ڈینگی وارڈز میں مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔

صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے فیکلٹی ممبران سے اپنے خطاب میں کہا کہ کورونا کے چاروں ادوار کے دوران جنرل ہسپتال کے ڈاکٹرز نے وائرس سے متاثر ہونے کے باوجود مریضوں کی خدمت جاری رکھی۔وباؤں کے دور میں انفیکشن کنٹرول ایپلی کیشنز جیسے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔پنجاب میں جنرل ہسپتال انفیکشن کنٹرول ایپلی کیشن متعارف کروانے والا پہلا سرکاری ہسپتال ہے۔ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا کہ تمام سٹاف کو اس ایپلی کیشن کی باقاعدہ تربیت دی جائے۔استعمال کنندہ کیلئے ایپلی کیشن کو اردو اور انگریزی زبان میں ڈیزائن کیا گیا ہے۔بیرون ممالک کے تمام ہسپتال مریضوں کو جراثیم سے بچانے کیلئے اقدامات کرتے ہیں۔صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے ہر مریض کی صحت ہمارے لئے اہم ہے۔پنجاب کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو محفوظ علاج فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔یہ ایپلی کیشن پنجاب کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں لانچ کریں گے۔پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار پنجاب میں سب سے زیادہ ڈاکٹرز کی بھرتیاں اور ریکارڈ ترقیاں کی گئی ہیں۔صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ ڈاکٹر مسیحا کا درجہ رکھتے ہیں۔ڈاکٹرز کی خوش اخلاقی سے مریض آدھا صحت یاب ہوجاتا ہے۔عالمی ادارہ صحت کی گائیڈ لائنز کے مطابق پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے محفوظ علاج کیلئے کوشاں ہیں۔ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا کہ تمام ڈاکٹرز پیغمبرانہ پیشہ سے وابستہ ہیں۔آپ سب ڈاکٹرز مریضوں کی خدمت کے ذریعے لیڈرز بنیں۔صوبائی وزیر صحت نے مزید کہا کہ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں ڈینگی کے مریضوں کی بہتر دیکھ بھال کررہے ہیں۔پنجاب میں کورونا اور ڈینگی کی صورتحال کا روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لیا جارہا ہے۔صوبائی وزیر صحت نے انفیکشن کنٹرول ایپلی کیشن کو ڈیزائن کرنے پر جنرل ہسپتال کی انتظامیہ کو شاباش دی۔انہوں نے مریضوں کیلئے آسانی پیدا کرنے کیلئے تمام ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی کوششوں کو سراہا۔